# CBSE SAMPLE QUESTION PAPER
# XII-URDU CORE (Course B-303)
# TERM 1(2021-22)

Time Allotted: 90 minutes Max. Marks:40

| General Instructions: |
| --- |
| 1. Question number 1 to 50 consists of 50 MCQs of 1 mark each.<br>2. Section A contains 2 comprehensions, each having 6 questions of which student has to attempt any 5.<br>3. Section B contains 13 questions. Students have to answer any 10 of them.<br>4. Section C contains 25 questions. Students have to answer any 20 of them.<br>5. All questions carry equal marks.<br>6. There is no negative marking. |

## حصّہ (الف)
## SECTION(A)

درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ صرف پانچ سولات کے جواب دیجئے۔

I) ماں کو اپنے بیٹے اور زمیندار کو اپنے لہلہاتے ہوئے سر سبز و شاداب کھیت دیکھ کر جو خوشی ہوتی ہے وہی خوشی بابا بھارتی کو اپنا گھوڑا دیکھ کر ہوتی تھی۔ یہ گھوڑا بڑا خوبصورت تھا۔ اس کے مقابلے کا گھوڑا سارے علاقے میں نہ تھا۔ بابا بھارتی اسے سلطان کہہ کر بلاتے تھے۔ اپنے ہاتھوں سے کھریرا کرتے، اپنے ہاتھ سے دانا کھلاتے اور دیکھ دیکھ کر خوش ہوتے۔ سلطان سے جدائی کا خیال بھی ان کے لیے نا قابل برداشت تھا۔ ان کو وہم ہو گیا تھا کہ ''میں اس کے بغیر زندہ نہ رہ سکوں گا''۔ وہ اس کی چال پر فریفتہ تھے۔ کہتے ''اس طرح چلتا ہے جیسے طاؤس اودی اودی گھٹاؤں کو دیکھ کر ناچ رہا ہو''۔ گاؤں کے لوگ اس محبت پر حیران تھے۔ بعض وقت کنکھیوں سے اشارے بھی کرتے تھے۔ مگر بابا بھارتی کو اس کی پرواہ نہ تھی۔ جب تک شام کو وہ سلطان پر سوار ہو کر آٹھ دس میل کا چکر نہیں لگاتے انہیں چین نہ آتا۔ کلھن اس علاقے کا مشہور ڈاکو تھا۔ لوگ اس کا نام سن کر تھرّاتے تھے۔ ہوتے۔ ہوتے سلطان کی شہرت اس کے بھی کانوں تک پہنچی۔ شوق نے دل میں چٹکی لی۔

1)بابابھارتی گھوڑے کو کہتے تھے۔

A)بہادر

B)کلہن

C)سلطان

D)شہزادہ

2)''اس طرح چلتا ہے جیسے طاؤس اودی اودی گھٹاؤں کو دیکھ کر ناچ رہا ہو''۔یہ جملہ کس کا ہے۔

A)بابابھارتی

B)زمیں دار

C)سلطان

D)کلہن

3)سلطان کی شہرت اس کے کانوں تک پہنچی۔

A)گاؤں والوں

B)ڈاکو کلہن

C)طاؤس

D)بادشاہ

4)لفظ نا قابل کا متضاد ہے۔

A)بے قابو

B)قابل

C)لایق

د)بے قابل

5)لفظ طاؤس کے معنٰی ہیں۔

A)پرندہ

B)چڑیا

C)بطخ

D)مور

6)لفظ سر سبز اور شاداب کے معنیٰ ہیں۔

A)ہرا اور بھرا

B)سوکھا

C)دونوں جواب صحیح

D)دونوں جواب غلط

II)مندرجہ ذیل غیر درسی شعری بند کو غور سے پڑھیے۔اور دیے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے صرف پانچ سوالات کے جواب دیجیے۔

جو عمر یں مفت گنوائے گا۔وہ آخر کو پچھتائے گا
کچھ بیٹھے ہاتھ نہ آئے گا۔جو ڈھونڈے گا وہ پائے گا
تو کب تک دیر لگائے گا۔یہ وقت بھی آخر جائے گا
اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے!
پھر دیکھ، خدا کیا کرتا ہے!
یہ دنیا آخر فانی ہے اور جان بھی ایک دن جانی ہے
پھر تجھ کو کیوں حیرانی ہے۔کر ڈال جو دل میں ٹھانی ہے
جب ہمّت کی جولانی ہے۔تو پتّھر بھی پھر پانی ہے
اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے!
پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے!

7)آخر میں کون پچھتائے گا۔

A)دیر کرنے والا

B)خوف کرنے والا

C)سونے والا

D)عمر گوانے والا

8)وقت پر کام نہ کرنے والے کا انجام ہوتا ہے۔

A)اچھا

B)بہت اچھا

C)برا

D)اچھااور برا

9)اس نظم کے حوالے سے شاعر نے دنیا کو کہا ہے۔

A)جانی

B)فانی

C)ٹھانی

D)ثانی

10)ہمت کی جولانی سے شاعر کی مراد ہے

A)جوش وولولہ

B)جوش

C)ہمت

D)تینوں جواب صحیح

11)لفظ فانی کا متضاد ہے۔

A)مٹ جانے والا

B)لافانی

C)بے فانی

D)جسے فنا ہو جانا ہو

12)اس نظم کے ذریعہ شاعر نے بچوں کی ——کی ہے-

A)حوصلہ شکنی

B)۔حوصلہ افزائ

C)دونوں جواب صحیح

D)دونوں جواب غلط

حصّہ (ب)

## SECTION (B)

13)اردو نظم کے معنٰی ہیں۔

A)انتظام

B)ترتیب

C)آرائش

D)اوپر کے تینوں جواب صحیح ہیں

14)وہ صنف جس میں مصنف اپنے خیالات بے باکی سے پیش کرتا ہے۔

A)خاکہ

B)ڈرامہ

C)انشائیہ

D)مضمون

15)رباعی کے اوزان مقرّر ہیں-

A)بیس

B)بائس

C)چوبیس

D)چھبیس

16)رشید احمد صدیقی مشہور تھے۔ بحیثیت

A)خاکہ نگار

B )مضمون نگار

C)انشائیہ نگار

D)افسانہ نگار

17)افسانہ ایک ایسی نثری کہانی ہے جو۔

A)ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکے۔

B)ایک دن میں پڑھا جا سکے۔

C)ایک آواز میں پڑھا جا سکے۔

D)ایک آدمی پڑھ سکے۔

18)سبق جاپان کی صنف ہے۔

A)افسانہ

B)ڈرامہ

C)خاکہ

D)سفر نامہ

19)سید امتیاز علی تاج کا مشہور ڈرامہ ہے۔

A)کاغذ کے پھول

B)انار کلی

C)چچا چھکن

D)صبح وطن

20)محاورہ ''بغلیں بجانا'' کے معنی ہیں۔

A)غم منانا

B)شور مچانا

C)خوشی منانا

D)افسوس کرنا

21)سبق ُدعوتُ کے مصنف کا نام ہے۔

A)رشید احمد صدیقی

B)علی عباس حسینی

C)ابن انشا

D)کمار گندھرو

22)علی عباس حسینی پیدا ہوئے۔

A)علی گڑھ

B)ممبئ

C)شاہجہاں پور

D)غازی پور

23)قرۃ العین حیدر ——پیدا ہوئیں-

A)دہلی

B)ممبئ

C)لکھنؤ

D)علی گڑھ

24)نظم پھول مالا کی صنف——ہے-

A)نظم

B)غزل

C)مثنوی

D)رباعی

25)رباعی کی ایک خاص بحر——ہوتی ہے-

A)ہزج

B)وزن

C)دونوں جواب صحیح

D)دونوں جواب غلط

حصّہ (ج)

## SECTION(C)

26)لڈو بے حد بدذائقہ تھا لیکن خاموش رہے۔ یہ جملہ کس سبق کا ہے۔

A)دعوت

B)جاپان

C)میگھالیہ

D)گاؤں کی لاج

27)ارے ہاں جاذب بھی تولانا بھئی جاذب۔ جاذب۔ یہ جملہ کس نے کہا

A)چچی نے

B(چچانے

C)بنّونے

D)تینوں جواب غلط

28)جوئے شیر لانا کے معنٰی ہیں—

A)آسان کام کرنا

B)مشکل کام کرنا

C)اچھاکام کرنا

D)تینوں جواب غلط

29)____ غیرت قومی نہ ملانا ہر گز

A) مٹّی میں

B)خاک میں

C)دونوں جواب صحیح

D)دونوں جواب غلط

30)شاعر کے خیال میں ''سامان خوشی سے روح گھبراتی ہے'' کی وجہ ہے-

A)فکر فنا

B)فکر معاش

C)فکر حیات

D)فکر دوام

31) دنیاکا سب سے زیادہ بارش والا علاقہ____ ہے۔

A)شیلانگ

B)چراپونجی

C)گوہاٹی

D)امپھال

32)پہلی دعوت مجھے ایک ایسے صاحب کے یہاں کھانی پڑی جو معتقد تھے۔

A)غازی میاں کے

B)قاری میاں کے

C)ہاں جی میاں کے

D)شاہی میاں کے

33)میگھالے کی راجدھانی کا نام ہے۔

A)شیلانگ پیک

B)شیلانگ

C)چراپونجی

D)امپھال

34)وہ خان صاحب کی لڑکی ہو کہ، میری یا غریب نتھو کی وہ گاؤں بھر کی بیٹی ہے۔ یہ جملہ کس نے کہا۔

A)ہمت رائے صاحب نے

B)رائے صاحب نے

C)دلدار صاحب نے

D)موہنی نے

35)میگھالے میں قبیلے آباد ہیں۔

A)گارو اور کھاسی

B)گارو

C)آچک

D)کھاسی

36)بدیسی راج نے دلدار خاں کو خطاب سے نوازا تھا۔

A)سنگھ صاحب

B)امراوء صاحب

C)خان صاحب

D)راےء صاحب

37)لتا کی مقبولیت کا راز ہے۔

A)آواز کی نغمگی

B)سریلی آواز

C)دھیمی آواز

D)بلند آواز

38)لتا سے پہلے سنگیت میں طوطی بول رہا تھا۔

A)نور بانو

B)نور جہاں

C)شاہ جہاں

D)نور افشاں

39)یہ ایک ایسا RITUAL ہے جس کی بہت سخت رومانی، مذہبی اور تہذیبی اہمیت ہے۔ یہ جملہ مصنفہ نے _ کے لیے کہا۔

A)چاےء

B)قہوہ

C)لڈو

D)کاڑھا

40)چچی کو دعوت پر___نے بلایا تھا۔

A)پڑوسن نے

B)منصرم صاحب نے

C) منصرم صاحب کی بیوی نے

D) چچی کی سہیلی نے

41) قلم دیکھ کر چچا چھکن ناراض ہوئے کیونکہ

A) قلم کی نب ٹوٹی ہوئی تھی

B) قلم کی نب ندارد تھی

C) قلم کے ساتھ روشنائی نہیں تھی

D) تینوں جواب غلط

42) 'ایمانداری کا یہ عالم ہے کی ساری قوم صدیوں سے لکڑی کے ایسے مکانوں میں رہتی تھی جن کی کاغذی دیواریں ہوتی ہیں'۔ یہ جملہ _____ سبق کا ہے۔

A) گاؤں کی لاج

B) دعوت

C) میگھالیہ

D) جاپان

43) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔ یہ جملہ ہے۔

A) کہاوت

B) مثل

C) محاورہ

D) فقرہ

44) نظم پھول مالا میں شاعر نے۔

A) لڑکیوں کی برائی کی ہے

B) لڑکیوں کی تعریف کی ہے

C) لڑکیوں کو نصیحت کی ہے

D) لوگوں کی برای ء کی ہے

45) جہاں فانی سے شاعر کی کیا مراد ہے۔

A)فناہو جانے والی دنیا۔

B)مٹ جانے والی دنیا۔

C)ختم ہو جانے والی دنیا۔

D)اوپر کے تینوں جواب سہی

46)لفظ کلفت کے معنٰی ہیں۔

A)رنج

B)غم

C)تکلیف

D)تینوں جواب صحیح

47)شاعر نے بچپن کو کس کے مانند بتایا ہے

A)گل کی مہک

B)ہوا کا جھونکا

C)موج فنا

D)خوشبو

48)نہ سنا ہے،نہ سنو گی یہ۔۔۔۔مصرہ پورہ کیجے۔

A)افسانہ ہر گز

B)فسانہ ہر گز

C)کہانی ہر گز

D)سکھانا ہر گز

49)چکبست کے شعری مجموعے کا نام ہے۔

A)شام وطن

B)اہل وطن

C)صبح وطن

D)باغ وطن

50)رباعی کی صنف کو کہا جاتا ہے۔

A)دوبیتی

B)دوباتیں

C)دوترانے

D)دوشعر